**Shabbir / Fazil**

**04-02-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں فیصل خان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے واشنگٹن میں امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو سے ملاقات کی۔ انہوں نے تجارت، دفاع اور نیوکلییئر سمیت دفاعی شراکت داری پر گفتگو کی۔

2- بھارت اور کرغستان آج آسام میں مشترکہ فوجی مشق 'خنجر' کا آغاز کریں گے۔

3- Yumnam Khemchand Singh کو، منی پور اسمبلی میں، BJP کی قانون ساز پارٹی کا رہنما منتخب کیا گیا ہے۔

4- WPL کرکٹ میں، وڈودرا میں ڈیلی کیپٹلز نے گجرات جائنٹس کو 7 وکٹ سے ہرایا، جس کے بعد فائنل میں اُس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔

5- اور 19 سال تک کی عمر کے، ICC مردوں کے کرکٹ عالمی کپ کے سیمی فائنل میں، بھارت کا مقابلہ، افغانستان سے ہوگا۔ یہ میچ زمبابوے میں آج دوپہر کھیلا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. Jaishankar US Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل رات واشنگٹن میں امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو کے ساتھ میٹنگ کی، جو معدنیات سے متعلق آج ہونے والی وزارتی کانفرنس سے پہلے ہوئی ہے۔ ایک سوشل میڈیاپوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اِس ملاقات کے دوران باہمی تعاون کے ایجنڈے، علاقائی اور عالمی امور پر بات چیت ہوئی اِس کے علاوہ تجارت، توانائی، نیوکلیائی، دفاع اور ٹیکنالوجی سمیت بھارت - امریکہ کے درمیان کلیدی شراکت داری پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔

وزیر خارجہ مارکو روبیو اور ڈاکٹر جے شنکر نے صدر ٹرمپ اور وزیراعظم مودی کے درمیان ہوئے تجارتی سمجھوتے کا خیر مقدم کیا۔ دونوں رہنماؤں نے اپنے اپنے ملکوں میں جمہوریت کی اہمیت پر زور دیا، جو نئے معاشی موقعوں کا پتہ

لگانے کیلئے مل کر کام کر رہی ہیں۔ میٹنگ کے دوران دونوں ملکوں نے توانائی کی بچت کے مشترکہ مقاصد پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

وزیر خارجہ جناب روبیو اور ڈاکٹر جے شنکر نے Quad کے ذریعے باہمی اور کثیر جہتی تعاون کو وسعت دینے کے اپنے عزم کا اظہار کیا۔ انھوں نے اِس بات کو تسلیم کیا کہ دونوں ملکوں کے مشترکہ مفادات کو آگے بڑھانے کیلئے خوشحال بھارت بحرالکاہل خطہ اہم رہا ہے۔x

Rajnath Trade Deal

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت-امریکہ تجارتی معاہدہ دونوں ملکوں کے اقتصادی تعلقات کو آگے لے جانے کا ایک فیصلہ کُن قدم ہے۔ کل ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سنگھ نے کہا کہ اِس تاریخی-تجارتی سمجھوتے سے لگاتار ترقی، روزگار اور دفاعی اشتراک کیلئے راہ ہموار ہوگی۔ انہوں نے ترقی، روزگار اور اقتصادی خوشحالی کے نئے موقعے شروع کرنے پر وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا۔x

Rev.Miltary Exercise Khanjar

بھارت اور کرغستان کے درمیان 13 وِیں مشترکہ فوجی مشق 'خنجر' آج سے آسام میں سونِت پور ضلعے کے مِساماری علاقے میں شروع ہوگی۔ اس مشق سے دونوں ملکوں کے درمیان دوطرفہ دفاعی تعاون میں اضافہ ہوگا اور جاری فوجی شراکت داری میں گہرائی پیدا ہوگی۔

یہ مشق اس مہینے کی 17 تاریخ تک جاری رہے گی، جس کا مقصد دونوں ملکوں کی خصوصی فوجوں کے درمیان تال میل کے ساتھ کام کرنے میں اضافہ کرنا ہے، جس میں شہری جنگی ہتھیاروں کے استعمال میں مشترکہ کارروائی اور اقوام متحدہ کے ضابطوں کے تحت، دہشت گردی سے نمٹنے کے منظرنامے پر توجہ دی جائے گی۔

افسران نے بتایا کہ خنجر مشق سے بھارت اور کرغستان کے درمیان بڑھتی ہوئی دفاعی شراکت داری، علاقائی سلامتی سے متعلق تعاون اور قریبی فوجی تعلقات کی عکاسی ہوتی ہے۔ x

PM Pariksha Pe Charcha

وزیر اعظم نریندر مودی نے شہریوں کو مدعو کیا ہے کہ وہ جمعے کو، پریکشا پے چرچا کا خصوصی ایڈیشن ضرور دیکھیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ بھارت کے نوجوانوں کے ساتھ بات چیت سے خیالات میں تازگی پیدا ہوتی ہے۔

وزیر اعظم نے ایسے امتحانات کی اہمیت کو اُجاگر کیا، جن میں کشیدگی نہ ہو۔ انہوں نے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے قابلِ عمل خیالات، توازن برقرار رکھنے اور اعتماد قائم رکھنے کی بھی اہمیت کو اُجاگر کیا۔

جناب مودی نے بتایا کہ اِس سال Exam Warriors کے ساتھ بات چیت کے اجلاس Devmogra، کوئمبٹور، رائے پور، گوہاٹی اور دلّی میں 7 لوک کلیان مارگ پر منعقد کیے گئے۔×

President Odisha Visit

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اپنی آبائی ریاست اڈیشہ کے چھ روزہ دورے کے حصے کے طور پر آج PURI میں شری جگن ناتھ مندر پہنچیں۔ وہ کل شام وہاں پہنچی تھی اور انھوں نے آج صبح سویرے اپنی مذہبی رسوم کے سلسلے میں کل رات وہاں قیام کیا تھا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Parkash

اڈیشہ کے اپنے دورے کے تیسرے دن صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج صبح پوِتر سویت گنگا پُشکرِنی میں قدیم رسم پِنڈ دان ادا کی۔ بعدمیں وہ بھگوان جگن ناتھ، بھگوان بال بھدر دیوی سُبھدرا، بھگوان سُدرشن اور دیگر دیوتاؤں کے درشن کیلئے شری جگن ناتھ مندر پہنچیں۔

مندر کے سنگھ دوار میں پُری کے گجپتی مہاراج اور مندر کے سینئر اہلکاروں نے صدرِ جمہوریہ کا استقبال کیا۔ صدرِ جمہوریہ کے دورے کے پیش نظر شری جگنناتھ مندر میں عام لوگ، آج صبح چھ بجے سے دس بجے تک درشن نہیں کر سکیں گے۔ اُن کے دورے کیلئے سخت حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔

Puri کے اپنے دورے کے بعد صدرِ جمہوریہ اپنے آبائی ضلعے میور بھنج میں مختلف ترقیاتی اور ثقافتی پروگرام میں شرکت کے لئے رائے پور روانہ ہوجائیں گی۔

بھوبنیشور سے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ........

RBI MPC

بھارتیہ ریزرو بینک، آج سے جمعے تک اپنی مالی پالیسی کمیٹی MPC کی میٹنگ منعقد کرے گا۔ RBI کے گورنر سنجے ملہوترا کی قیادت والی 6 رکنی کمیٹی کے فیصلے کا اعلان جمعے کو کیا جائے گا۔

ماہرین اقتصادیات کا خیال ہے کہ چونکہ RBI، نقد رقم کے بندوبست، بانڈ مارکیٹس کو مستحکم رکھنے اور کرنسی سے متعلق خطرات سے نمٹنے پر توجہ دے رہا ہے، لہٰذا امکان ہے کہ کمیٹی، پالیسی شرح میں مزید کٹوتی کا سلسلہ روک دے۔

RBI نے فروری 2025 سے ریپوریٹ میں اعشاریہ ایک دو پانچ پوائنٹس کی کمی کی ہوئی ہے، جس کی وجہ سے یہ شرح 5 اعشاریہ دو پانچ فیصد پر ہے۔
کمیٹی نے اپنی شرحوں میں کٹوتی، پچھلی بار دسمبر 2025 میں کی تھی، لیکن امکان ہے کہ وہ فروری میں ایسا نہ کرے۔×

## Vaishnaw Tunnel Breakthrough

ریلویز کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے، مہاراشٹر کے پالگھر قصبے میں، ممبئی-احمد آباد ہائی اسپیڈ ریل پروجیکٹ کی، دوسری پہاڑی سرنگ میں پیشرفت کا اعلان کیا ہے۔ یہ ملک کی بُلٹ ٹرین راہداری میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ یہ سرنگ 454 میٹر طویل اور 14 اعشاریہ 4 میٹر چوڑی ہے۔
جناب ویشنو نے کل، تیز رفتار سے کام کرنے پر، پوری ٹیم کی ستائش کی تھی اور کہا تھا کہ پوری دنیا، بھارت کے پہلے تیز رفتار ریل پروجیکٹ کو دیکھ رہی ہے۔
انہوں نے بتایا کہ پالگھر میں دوسری پہاڑی سرنگ میں پیشرفت کی یہ کامیابی ایک ماہ کے اندر اندر حاصل کی گئی ہے اور اس سلسلے میں پہلی کامیابی اس سال 2 جنوری کو ملی تھی۔
جناب ویشنو نے خاص طور پر کہا کہ اِس پروجیکٹ کیلئے، تعمیرات سے متعلق جن جدید ٹکنالوجیز اور بڑی مشینوں کا استعمال کیا جا رہا ہے، وہ بھارت میں ہی تیار کی گئی ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ امید ہے کہ بُلٹ ٹرین پروجیکٹ کے گجرات سیکشن کا، اگلے سال تجارتی کام کاج کیلئے استعمال شروع کر دیا جائے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ امید ہے کہ اِن تیز رفتار ریل خدمات کو 2028 تک "تھانے" تک توسیع دے دی جائے اور اِس کی راہداری 2029 تک ممبئی پہنچ جائے۔×

## Ladakh MHA Talks

مرکزی وزارتِ داخلہ آج نئی دلّی میں، لداخ کے مطالبات پر نئے سرے سے مذاکرات کرے گی۔ یہ مذاکرات لداخ کے اُن مطالبات سے متعلق تجویزوں کے مسودے کے سلسلے میں منعقد کیے جا رہے ہیں، جو وزارتِ داخلہ کے کہنے پر مرتب کیے گئے تھے۔ یہ مطالبات، پچھلے سال نومبر میں لداخ کے رہنماؤں نے پیش کیے تھے۔
لداخ کے ممبر پارلیمنٹ حنیفہ جان، پہاڑی کونسل کے، کرگل چیف ایگزیکٹو کونسلر ڈاکٹر محمد جعفر اخون اور لوک سبھا کے سابق ممبر پارلیمنٹ Thupstan Chhewang کی قیادت والے 14 نمائندے اس بات چیت میں شامل ہوں گے، جن میں سے 7 نمائندے لیہ اور 7 نمائندے KDA کرگل کے ہیں۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

BJP Manipur

BJP لیڈر Yumnam Khemchand Singh کو متفقہ طور پر منی پور کی BJP قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب کیا گیا ہے۔ اُنھیں کل نئی دلی میں پارٹی ہیڈ کوارٹر میں ہوئی قانون ساز پارٹی کی میٹنگ میں منتخب کیا گیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر پارٹی کے جنرل سکریٹری اور مرکزی مشاہد نے انھیں منی پور میں قانون ساز پارٹی کے لیڈر کے چناؤ کیلئے مقرر کیا گیا۔

اُن کے انتخاب کے بارے میں اطلاع تَرُن چُگ نے دی۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی رہنمائی اور قیادت میں، جناب Khemchand کے تجربے، عزم اور مضبوط قیادت سے پارٹی کو مزید استحکام ملے گا اور ریاست کے عوام کی امنگوں کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔

دو بار اسمبلی ممبر رہنے والے جناب Singjamei اسمبلی حلقے کے MLA ہیں اور ریاستی اسمبلی کے اسپیکر کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ N Biren Singh کے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے اِستعفیٰ کے بعد پچھلے سال فروری کے بعد سے منی پور میں صدر راج نافذ ہے۔x

SL-Buddha Devnimori Relics

تاریخ میں ایسا پہلی بار ہے کہ بھگوان بدھ کی Devnimori باقیات، ملک سے باہر، سری لنکا میں ایک ہفتہ طویل نمائش کیلئے بھیجی جا رہی ہیں۔ گجرات کے گورنر آچاریہ دیو ورَت اور نائب وزیر اعلیٰ ہرش سانگھوی کی قیادت میں اعلیٰ سطح کا ایک وفد یہ باقیات لے جا رہا ہے، جس میں سینئر بودھ راہب اور افسران بھی شامل ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Ahmed Moin Farooqui

Trump Appropriation Act

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، مطالباتِ زر کے جامع قانون پر دستخط کر دیے ہیں، جس سے وفاقی حکومت کے زیادہ تر کام کاج کیلئے فوری طور پر فنڈز مہیا ہو جائیں گے۔

اِس بل کی رو سے تقریباً 10 ارب امریکی ڈالر کی، غیر ملکی امداد کے اخراجات میں کمی آجائے گی اور امریکہ کا امدادی پروگرام فی الحال بند رہے گا۔

جناب ٹرمپ نے کہا کہ 'امریکہ مقدم' پروگرام سے متعلق ایک نیا فنڈ قائم کیا جائے گا اور غیر ملکیوں کو اُن کے ملک واپس بھیجنے کی پروازوں کیلئے اِس نئے بل کے تحت رقوم مہیا کی جائیں گی۔×

## Iran US Negotiation

ایران کے صدر مسعود Pezeshkian نے کہا ہے کہ انھوں نے اپنے ملک کے وزیر خارجہ کو ہدایت دی ہے کہ وہ امریکہ کے ساتھ شفاف اور مساویانہ سطح پر بات چیت کریں۔ پچھلے مہینے ملک گیر سطح پر مظاہروں کے دوران گرفتاریوں کے بعد امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی میں اضافہ ہوگیا تھا، لیکن اب بات چیت کیلئے تہران کی طرف سے واضح اشارے مل رہے ہیں۔ x

## Spain Social Media Ban

اسپین کے وزیر اعظم پیدرو سانچیز نے اعلان کیا ہے کہ اُن کی حکومت کا منصوبہ ہے کہ وہ 16 سال سے کم عمر کے بچوں کیلئے، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز تک رسائی بند کر دے۔ انہوں نے آن لائن حفاظت اور نقصان دہ ڈیجیٹل مواد پر تشویش کا اظہار کیا۔

دبئی میں، سرکاری عالمی سربراہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سانچیز نے کہا کہ سوشل میڈیا کمپنیوں کو اس بندش کو لاگو کرنے کیلئے عمر کی تصدیق کرنے کا ایک بڑا نظام شروع کرنا ہوگا۔×

## Delhi Free Cylinder

دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے اعلان کیا ہے کہ ہولی اور دیوالی کے تہواروں پر اُن لوگوں کو مُفت LPG سلنڈر فراہم کیے جائیں گے، جن کے پاس مجاز راشن کارڈز ہیں۔ کل نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ گپتا نے کہا کہ حکومت نے اس اسکیم کیلئے 242 کروڑ روپے مختص کیے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 853 روپے کے LPG سلنڈر کی یہ رقم مستفیدین کو راست منتقل کی جائے گی۔ اس اسکیم کے تحت راشن کارڈ کے حامل اُن افراد کو بھی LPG گیس سلنڈر دیے جائیں گے، جو پائپ لائن کے ذریعے گیس کنکشن استعمال کر رہے ہیں۔×

## WPL Cricket

خواتین کے پریمیئر لیگ کرکٹ میں کل رات وڈودرا کے BCA اسٹیڈیم میں ڈیلی کیپٹلز نے گجرات جائنٹس کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔ ڈیلی کیپٹلز کو جیت کے لئے 169 رن کا نشانہ ملا تھا جسے اُس نے 16 اوورس میں تین

وکٹ کھوکر حاصل کر لیا۔ کپتان Rodrigues کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا جنھوں نے 42 رن بنائے تھے۔
اب کل ہونے والے فائنل میچ میں ڈیلی کیپٹلز کا مقابلہ رایل چیلنجرس بینگلورو سے ہوگا۔x

U19 World Cup Cricket

19 سال سے کم عمر کے ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کے ICC کرکٹ عالمی کپ کے دوسرے سیمی فائنل مقابلے میں آج بھارت کا مقابلہ افغانستان سے ہوگا۔ یہ میچ ہرارے کے ہرارے اسپورٹس کلب میں بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ایک بجے ہوگا۔ بھارتی ٹیم ابھی تک ٹورنامنٹ میں کوئی میچ نہیں ہاری ہے۔ آج جو ٹیم بھی میچ جیتے گی، وہ جمعے کو فائنل میں انگلینڈ کے خلاف کھیلے گی۔

اِس سے پہلے کل شام زمبابوے میں Bulawayo کے کوئنز اسپورٹ کلب میں پہلے سیمی فائنل میں انگلینڈ نے آسٹریلیا کو 27 رن سے شکست دی۔x

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے آج دلّی، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش اور مدھیہ پردیش میں گھنے کہرے کی پیشگوئی کی ہے۔ بہار، اترپردیش، اتراکھنڈ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں بھی اسی طرح کی صورتحال رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات ایجنسی نے یہ بھی کہا کہ مہاراشٹر میں آئندہ 48 گھنٹے کے دوران کم سے کم درجۂ حرارت میں دو یا تین ڈگری سیلسئس کا بتدریج اضافہ ہو سکتا ہے۔x

MEA Estonia

بھارت اور Estonia نے تجارت، سرمایہ کاری، سائبر اور ڈجیٹل سطح پر تعاون کے علاوہ ثقافتی رشتوں کے شعبوں میں تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر تبادلۂ خیال کیا۔ وزارت خارجہ میں مغربی امور کے سکریٹری Sibi George اور Estonia کی وزارت خارجہ میں سیاسی امور کے انڈر سکریٹری مارٹن روجَر نے کل اسٹونیا کے Tallinn میں خارجہ دفتر کی 13ویں صلاح مشورے سے متعلق کانفرنس کی مشترکہ صدارت کی۔ وزارت خارجہ نے بتایا کہ دونوں ملکوں نے مشترکہ خوشگوار باہمی تعلقات پر بھی بات چیت کی۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسلم بیگ

شکریہ -فیصل خان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے ہند- امریکی تجارتی معاہدے سے متعلق خبر کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے سرخی لگائی ہے: ہند۔امریکہ ٹریڈ ڈیل سے برآمدات کو فروغ ملے گا۔ اشونی ویشنو نے ہندوستان اور امریکہ کے درمیان تجارتی معاہدے کو دونوں ممالک کیلئے سود مند قرار دیا۔ امریکہ بھارت مصنوعات پر ٹیرف 25 فیصد سے گھٹاکر 18 فیصد کرے گا۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے ایک اہم خبر شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے: صارفین کا ڈیٹا شیئرکرنے پر سپریم کورٹ کی واٹس ایپ کو سخت وارننگ، بھارتی شہریوں کے حقِ رازداری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔

روزنامہ انقلاب نے بہار میں سالانہ بجٹ پیش کئے جانے کی خبر کو اہم سرخی بنایا ہے۔ بہار قانون ساز اسمبلی میں مالی سال 27-2026 کیلئے 3 لاکھ 47 ہزار 589 کروڑ روپے کا بجٹ پیش کیا۔نتیش کمار حکومت کا دیہی ترقی، تعلیم اور صحت پر زور۔

اخباروں کی کچھ اہم بین الاقوامی خبریں:

☆ کشیدگی کے درمیان بحیرۂ احمر میں امریکہ اور اسرائیل کی مشترکہ مشقیں۔

☆ فلسطینی صدر محمود عباس نے انتخابات کرنے کا اعلان کیا۔

☆ فرانس میں ''ایکس'' کے دفاتر پرچھاپے ایلون مسک طلب۔

☆ ایرانی صدر کی امریکہ کے ساتھ مذاکرات کی تصدیق۔

☆ یوروپ کو زیادہ خود مختار اور باہمی متحد ہوجانا چاہیے: جرمنی کا بیان۔

☆☆☆

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے واشنگٹن میں امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو سے ملاقات کی۔ انہوں نے تجارت، دفاع اور نیوکلیئر سمیت دفاعی شراکت داری پر گفتگو کی۔

2- بھارت اور کرغستان آج آسام میں مشترکہ فوجی مشق 'خنجر' کا آغاز کریں گے۔

3- Yumnam Khemchand Singh کو، منی پور اسمبلی میں، BJP کی قانون ساز پارٹی کا رہنما منتخب کیا گیا ہے۔

4- WPL کرکٹ میں، وڈودرا میں ڈیلی کیپیٹلز نے گجرات جائنٹس کو 7 وکٹ سے ہرایا، جس کے بعد فائنل میں

اُس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔

5- اور 19 سال تک کی عمر کے، ICC مردوں کے کرکٹ عالمی کپ کے سیمی فائنل میں، بھارت کا مقابلہ، افغانستان سے ہوگا۔ یہ میچ زمبابوے میں آج دوپہر کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------